بروسیلوسس-(BRUCELLOSIS)

تعارف:

بروسیلوسس ایک اہم پیداواری بیماری ہے جو تولیدی ناکامی کے ذریعہ آپ کے جانوروں میں کافی معاشی نقصان کا سبب بن سکتی ہے۔ یہ ایک ایسی بیماری ہے جو انسانوں میں (زونوسس: جانوروں سے انسانوں میں پھیلنے والی) منتقل ہو سکتی ہے۔

برسیلوسس کا سبب کیا ہے؟

بروسیلوسس ایک ایسا انفیکشن ہے جو بیکٹیریا (جراثیم) بروسیلا کی وجہ سے ہوتا ہے۔ بروسیلا کی مختلف قسمیں بھیڑوں بکریوں، اونٹھوں گائے بھینسوں اور انسانوں میں بھی اہم بیماری کا باعث بنتی ہیں۔

بروسیلوسس سے متاثر جانوروں میں علامات

حمل کے آخر میں اسقاط حمل نئے متاثرہ ریوڑ میں ایک عام علامت ہے۔

- مادہ جانوروں میں ظاہر ہونے والی دوسری علامتوں میں مردہ بچے کی پیدائش، کمزور نوزائیدہ بچہ، آنول کا رہ جانا، اور تھنوں کی سوزش شامل ہیں۔
- بروسیلوسس مستقل بانجھ پن کا سبب بن سکتی ہے۔ نر بکروں اور بھیڑوں میں خصیے کی سوزش بھی ہو سکتی ہے۔ متاثرہ جانوروں میں کبھی کبھار جوڑوں کی سوزش ہوتی ہے۔
- مادہ بکریاں اور بھیڑیں عام طور پر صرف ایک بار اسقاط حمل کرتی ہیں۔ مگربکٹیریا مسلسل خارج کرتی رہتی ہیں۔ تو وہ بنا کوئی علامت ظاہر کیے دوسرے جانوروں اور انسانوں کو متاثر کر سکتی ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ کچھ عرصے سے متاثر ہونے والے ریوڑوں میں کوئی علامت ظاہر نا ہو یا اکادُکا اسقاط حمل ہو۔
- بکریاں مستقل طور پر انفیکشن کا شکار ہو سکتی ہیں اور تا عمر اپنے دودھ میں بکٹیریا منتقل کر سکتی ہیں۔ صحت مند اور متاثرہ جانور بیماری کی علامات ظاہر کیے بغیر بیماری کا ذریعہ ہوتے ہیں۔

انسانوں میں بروسیلوس کی ظاہر ہونے والی علامات

بروسیلوسس سے متاثرہ انسانوں میں ابتدائی علامات زکام کی بیماری جیسی ہوتی ہیں۔ اس میں تیز بخار، سر میں درد، کمزوری، جوڑوں اور پٹھوں کا درد، وزن میں کمی اور بھوک کا نا لگنا شامل ہو سکتی ہیں۔ حاملہ خواتین اور اُن کے بچے کو خاص خطرہ ہوتا ہے۔ اگر علاج نا کیا جائے تو، انفیکشن پیدائشی نقائص یا اسقاط حمل کا سبب بن سکتا ہے۔

جانور میں بروسیلوس کیسے آتی ہے

- بروسیلوسس بیمار جانور کی آنول، اس کے حمل میں ہونے والے بچے، اور سیال سے نکلنے والے مادے سے رابطہ ہونے سے جانور میں مستقل ہوتی ہے۔ یہ بیماری سیمن اور دودھ کے ذریعے بھی پھیلتی ہے۔ ایک بار یہ بیماری آپ کے جانوروں میں آجائے تو یہ بیماری جانوروں کو مسلسل متاثر کر سکتی ہیں۔
- بروسیلا (جراثیم) لمبے عرصے کے لیے، دُھول، سازوسامان، کپڑوں، اور بھوسے کے بستر میں زندہ رہ سکتا ہے۔ جو متاثرہ مادے کے ساتھ رابطے میں آیا ہو۔
- بروسیلا (جراثیم) کئی گھنٹوں کی براہ راست دھوپ میں ہلاک ہو جاتا ہے۔

Australian Government – Australian Centre for International Agricultural Research
Australian Aid
Aik Saath ایک ساتھ 'Together'
THE UNIVERSITY OF MELBOURNE
UVAS – UNIVERSITY OF VETERINARY AND ANIMAL SCIENCES LAHORE
LIVESTOCK & DAIRY DEVELOPMENT DEPARTMENT – GOVERNMENT OF THE PUNJAB
حکومت سندھ Government of Sindh
SINDH AGRICULTURE UNIVERSITY TANDOJAM

بروسیلوسس کی تشخیص کس طرح کی جاتی ہے؟

- جب حاملہ جانور میں اسقاط حمل ہو تو بروسیلوسس فرض کیا جانا چاہیے، فوراً سے احتیاطی تدابیر اختیار کریں انسانی صحت کی حفاظت کے لیے (نیچے دیکھیں)
- باضابطہ تشخیص صرف لیبارٹری کی جانچ سے ہی ہو سکتی ہے۔ مخصوص معاملات کی جانچ دودھ، خون اور اسقاط شدہ مادے کی لیبارٹری میں جانچ کے ذریعے کی جاسکتی ہے۔

اگر آپ کے جانوروں میں بروسیلوسس ہونے کا شبہ ہو تو کیا کریں؟

- اچھا انفیکشن کنٹرول اور حفظان صحت اپنائیں: ذیل میں دیکھیں
- پیدائش کے سامان / مادہ کو صاف کریں اور دفن کر کے اسے ضائع کر دیں۔
- پیدائش کی جگہ کو صاف اور جراثیم سے پاک کریں۔
- فارمر بروسیلوسس کی تشخیص اور مشورے کے لیے لائیو اسٹاک ڈپارٹمنٹ سے رابطہ کر سکتے ہیں اگر انھیں بیماری کا شبہ ہو تو۔

علاج

- ایسا کوئی عملی علاج نہیں ہے جو کامیاب ہو۔ ناقص تولیدی کارکردگی فارمرز کو بہت بڑا معاشی نقصان پہنچا سکتی ہے۔ لہٰذا کنٹرول اور روک تھام بہت ضروری ہے۔

انفیکشن کنٹرول / حفظان صحت

- حفظان صحت جانوروں کے ریوڑ اور انسان میں مزید انفیکشن سے بچنے کے لیے ضروری ہے۔
- متاثرہ مادہ یا پیدائش کے وقت جانور کے ساتھ کام کرتے وقت اپنے کپڑوں کو ڈھکیں، مضبوط ربڑ یا پلاسٹک کے دستانے پہنیں اور کام ختم ہونے کے بعد ہاتھ پاؤں اچھی طرح صابن سے دھوئیں۔
- متاثرہ معادے سے، رابطے میں آنے والے کپڑوں سامان اور جگہ کو صاف اور جراثیم سے پاک کریں۔
- متاثرہ معادے کو گہرا، کھڈا کھود کر دفنا کر ضائع کریں۔
- بیماری کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے بیمار جانور کو باقی جانوروں سے دور رکھیں۔
- کچا دودھ یا گوشت کھانے سے انفیکشن انسانوں میں پھیل سکتا ہے۔ دودھ پینے یا دہی / پنیر / مکھن بنانے سے پہلے دودھ کو اچھی طرح اُبالیں۔ گوشت بھی اچھی طرح پکا ہونا چاہیے۔
- حاملہ خواتین کو ایسے جانور کو نہیں سنبھالنا چاہیے جس میں بروسیلوسس ہو یا ہونے کا امکان ہو۔

بچاؤ اور حیاتیاتی تحفظ

- بروسیلوسس کے پھیلاؤ کو محدود اور کنٹرول کرنے کے لئے حفظان صحت کے اقدامات ضروری ہیں۔
- اس بیماری کے پھیلاؤ کو کم کرنے کے لیے احتیاط کرنا بہت ضروری ہے (خاص کر اس بیماری کے مقامی علاقوں میں)۔
- سرکاری وٹرنری ڈاکٹر بروسیلوسس کی جانچ پڑتال کے لیے وقتاً فوقتاً مویشیوں کی جانچ کر سکتے ہیں۔
- حفاظتی ٹیکے / ویکسینیشن بروسیلوسس سے بچاؤ اور کم کرنے کے لیے انتخابی طریقہ ہیں۔
- حاملہ جانور میں بروسیلوسس کے حفاظتی ٹیکے کا استعمال نہیں کرنا چاہیے۔
- بروسیلوسس کی عام ویکسین لوگوں کے لیے خطرناک ہوتی ہے۔ اس لیے حادثاتی انجیکشن یا اس سے رابطے سے بچنے کے لیے بہت احتیاط برتنی چاہیے۔

Australian Government
Australian Centre for International Agricultural Research
Australian Aid
Aik Saath ایک ساتھ Together